| | | |
|---|---|---|
| Paper: Urdu | | Total Marks: 15 |
| Month Test: 3rd Term | | Obt. Marks: |
| Theme/Unit: 3to8 +غزل + نعت | | Grand Total: 75 |
| Objective: | ID: | Time: 20mins |
| Name: | class: 10th | Section: |

سوال نمبر.1. درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ /15

1 سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟

ا) نزیر احمد دہلوی　ب۔ شاہد احمد دہلوی　ج۔ اشرف صبوحی　د۔ مولوی عبدالحق

2 پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟

آ۔ چار۔　ب۔ تین　ج۔ دو۔　د۔ سات

3 کانگریس کب قائم ہوئی؟

ا۔ 1885ء میں　ب۔ 1886ء میں　ج۔ 1895ء میں　د۔ 1906ء میں

4 مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ؟

ا۔ ایک　ب دو　ج۔ چار　د۔ آٹھ

5 سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟

ا۔ شاہد احمد دہلوی۔　ب۔ ہاجرہ مسرور　ج۔ اشرف صبوحی۔　د۔ سجاد حیدر یلدرم

6 سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:

ا۔ زردہ　ب۔ بونٹ پلاؤ　ج۔ فیرنی　د۔ بریانی

7 آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

ا۔ تین　ب۔ پانچ　ج۔ سات　د۔ نو

8 مصنف جس کمرے میں ٹھرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی:

ا۔ باغ میں۔　ب۔ چٹیل میدان کی طرف۔　ج۔ پائیں باغ میں　د۔ دریا کی

9 سبق "ملمع" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

ا۔ داستان ب۔ افسانہ ج۔ مضمون د۔ ناول

10 لڑکی نے ریل کا سفر کس درجے میں کیا؟

ا۔ انٹر ب۔ اول ج۔ دوم د۔ اے سی

11 لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟

ا۔ اٹھنی ب۔ ایک روپیہ ج۔ پانچ کا نوٹ د۔ دس روپے

12 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہو گئی:

ا۔ غزلوں کی طرف ب۔ نظموں کی طرف ج۔ مرثیے کی طرف د۔ شہر آشوب کی طرف

13 جملہ اسمیہ جملہ ------------- کی ایک قسم ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| Paper: ______urdu____________ | | Total Marks: _60____________ |
| Month Test: __3rd Term_________ | | Obt. Marks: _____________ |
| Theme/Unit: ________________ | | Grand Total: __75_________ |
| Subjective: | ID: ______________________ | Time: _2 hours__10 mins___ |
| Name: _______________________ | class: _10th__________________ | Section: _____ ____________ |

ا۔ فعلیہ ب۔ خبریہ ج۔ اسمیہ د۔ فعل ماضی

# تقریر

نوٹ: والدین دیا گیا Oral سن کر نمبر لگا دیں

| | مواد | ادائیگی | تلفظ | اشعار | اشارے | کل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کل نمبر | 3 | 3 | 2 | 1 | 1 | 10 |
| حاصل کردہ نمبر | | | | | | |

**سوال نمبر 2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔** /10

حصہ نظم:

اب انسان کو انسان کا عرفان ہوگا — یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آ گیا ہے

زمانے کو اب اپنی منزل مبارک — کہ اک خضر صدرہ گزار آ گیا

حصہ غزل:

آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

سلسلہ، فتنہء قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے

**سوال نمبر 3. درج ذیل اقتباسات کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھیں۔۔** /10

1 میں بولی: "حضور کو دعا دیتی ہوں اور حضور ڈرنا کیسا۔ وہ تو اللہ تعالیٰ نے مدد کی۔ نہیں تو جان نکلنے میں کسر ہی کیا رہی تھی۔" صدقے مولا کے نام پر۔ بادشاہ اور سارے درباری سر و قد کھڑے ہو گئے ۔۔

2 بادل ناخواستہ میں اٹھا اور نیچے گیا۔ شاکر صاحب کے دوست راجہ طالب علی صاحب تشریف لائے تھے۔ ان سے میرا تعارف کرایا گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ تشریف لے گئے اور مجھے بھی فرصت ملی اور میں نے یک سو ہو کر لکھنا شروع کیا۔

**سوال نمبر 4۔ دیے گئے سوالات کے جوابات مختصر جوابات دیں۔۔** /10

1 تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟
2 بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟
3 محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟
4 لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟
5 عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

**سوال نمبر 5. سبق ملمع کا خلاصہ لکھیں۔** /5

**سوال نمبر 6۔ محنت کی برکتیں مضمون لکھیں۔۔** /15

**سوال نمبر 7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات دیں۔۔** /10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی۔ اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈ نے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں ؟ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے' ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے' جو بچے ان کے اسان جاتے رہے۔۔

1 ۔ کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

2 ۔۔ جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

3 ۔۔ "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

4۔ وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں ہوتا تھا؟ وہ لوگ جاڑے میں کیا اوڑھتے تھے؟

5۔ جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

**سوال نمبر 8. املاء۔۔** /10

ر ب ط ن ل س ا ل ----------------------------------

ن ھ ٹ ک ن ا ----------------------------------

م ن ک د ------------------------------------

ط ل ف ی ------------------------------

س ا و ن ا ----------------------------------------

ہ ر م ٹ ہ --------------------------------

ش ن ب ی ---------------------------------------------

ت ر ا ی ق۔ ------------------------------

ہ ش ا ز ی د --------------------------------------------

م ا ز ش ج و خ ----------------------------------

14 تشبیہ کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ارکان ہیں۔

ا ایک ب۔ دو۔ ج۔ تین۔ د۔ پانچ

15 "مستحکم" کا معنی ہے۔

ا۔ کمزور ب۔ نظریہ ج۔ مظبوط د۔ فکر